دینیات کورس

سورۃ العصر کی تفسیر

از: مرزا احمد وسیم بیگ سنابلی مدنی

بی اے (شریعت) جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ

سورة العصر

سُوْرَةُ الْعَصْرِ (١٠٣) مَكِّيَّةٌ (١٣)

رکوعھا ١ آیاتھا ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے

وَ	الْعَصْرِ ①	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَفِيْ خُسْرٍ ②	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا
قسم ہے	زمانے کی!	بلاشبہ	انسان	البتہ خسارے میں ہے	سوائے	ان لوگوں کے جو	ایمان لائے	اور	انھوں نے عمل کیے


الصّٰلِحٰتِ	وَ	تَوَاصَوْا	بِالْحَقِّ	وَ	تَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ ③
نیک	اور	ایک دوسرے کو وصیت کی	حق کی	اور	ایک دوسرے کو وصیت کی	صبر کی

سورۃ العصر

- عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور مسیلمہ کذاب کا قصہ
  - صحابۂ کرام جب ملتے تو جب تک ایک دوسرے کو سورۃ العصر نہیں سنا لیتے تھے جدا نہیں ہوتے تھے۔
    - امام شافعی فرماتے ہیں: اگر اللہ تعالی نے اپنی مخلوق پر اس ایک سورت کے سوا کوئی حجت نازل نہ کی ہوتی تب بھی یہ کافی ہوتی۔

- مختصر ترین –جامع ترین –آسان ترین –اولین سورتوں میں سے ایک سورت ہے۔

سورة العصر



وَ	الْعَصْرِ ①
قسم ہے	زمانے کی!

- العصر سے مراد
  - زمانہ
    - تمام واقعات اس حقیقت پر شاہد ہیں
    - وقت کی اہمیت
  - عصر کا وقت
    - مشغولیت کے وقت میں عبادت کے لئے نکلنا = خسارے میں سے انسان کا نکلنا

سورة العصر

إِنَّ	الْإِنسَانَ	لَفِي خُسْرٍ ②
بلاشبہ	انسان	البتہ خسارے میں ہے

- کامیابی کا معیار
- نجات کا کم ترین معیار

- خسارہ دنیاوی بھی ہے اخروی بھی

سورة العصر

اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
سوائے	ان لوگوں کے جو	ایمان لائے	اور	انھوں نے عمل کیے نیک

وَ	تَوَاصَوْا	بِالْحَقِّ	وَ	تَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ ۳
اور	ایک دوسرے کو وصیت کی	حق کی	اور	ایک دوسرے کو وصیت کی	صبر کی

آیت سے ماخوذ نجات کا چھ نکاتی پروگرام:

- ایمان
- عمل صالح
- [علم]
- دعوت
- صبر
- [اجتماعیت]

ایمان، عمل صالح، تواصی بالحق اور تواصی بالصبر

- ایمان: انبیاء کی بیان کردہ حقیقتوں پر
- عمل صالح: ہر نیک عمل، برائیوں سے بچنا بھی شامل ہے
- کسی عمل کے صالح ہونے کے لئے دو شرطیں: اخلاص اور اتباع
- تواصی بالحق: باہم نصیحت، یعنی حق کو قبول بھی کرنا (حق کی وصیت کا تبادلہ)، اور دوسروں کو دعوت دینا
- تواصی بالصبر: صبر کی تلقین خود کو بھی کرنا، دیگر اہل ایمان کو بھی حق پر ڈٹ جانے کی تلقین کرنا۔
- صبر: علی طاعۃ اللہ، عن معصیۃ اللہ، علی المصائب

سورۃ العصر بعض اہم نکات

- ہدایت سے متعلق قرآن کریم کے کچھ اہم ترین مضامین کا اختصار کے ساتھ ذکر: واقعات – ایمان – عمل – حق کی وصیت – صبر کی وصیت (ہدایت کے باب میں سب سے جامع سورت)
- تمام الفاظ اردو میں مستعمل ہیں۔
- اس سورت میں مذکور تمام امور سے آخرت میں تو کامیابی حاصل ہو گی ہی، اس دنیا میں جو انسان کے غم ہیں، ڈپریشن ہیں، انفرادی اور اجتماعی سطح پر جو پریشانیاں ہیں ان سے نجات ملے گی۔

سورت کی تفسیر کرنے کا اصل مقصد

سورت سے ماخوذ نجات کا چھ نکاتی پروگرام:

- ایمان
- عمل صالح
- [علم]
- دعوت
- صبر
- [اجتماعیت]

ہمارے پروگرام کا مقصد: ایمان اور عمل صالح کی تعلیم تاکہ آپ خود بھی ان کو اپنائیں، پھر ان کی دعوت دیں، اور ان پر ڈٹ جائیں۔ اور ایسی اجتماعیت بنانے کی کوشش کریں جس میں حق پر ایک دوسرے کو سپورٹ کیا جائے۔